© rasailojaraid.com



ادارہ — مجلس احرار اسلام پاکستان کی سرگرمیاں

# اخبار الاحرار

## قادیانی پروفیسر عامر سہیل کے خلاف مختلف شہروں میں احتجاج

ملتان (۵؍جولائی) تحریکِ تحفظِ ختم نبوت میں شامل مختلف دینی جماعتوں کے رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں زکریا یونیورسٹی میں ایم اے اردو کے نصاب میں دل آزار کتاب ''محشر خیال'' شامل کرنے کی شدید مذمت کی ہے اور اسے نصاب سے خارج کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ مجلس احرار اسلام کے سید محمد کفیل بخاری، سردار عزیز الرحمٰن سنجرانی، جمعیت علماء اسلام کے سید خورشید عباس گردیزی، قاری عبدالرؤف، جماعت اسلامی کے راؤ ظفر اقبال، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری اور جمعیت اتحاد العلماء کے مولانا عبدالرزاق، مولانا احسان احمد نے آج ایک ہنگامی اجلاس کے بعد اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ''محشر خیال'' کا مرتب زکریا یونیورسٹی میں شعبۂ اردو کا استاد پروفیسر عامر سہیل ایک سکہ بند قادیانی ہے۔ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی کی انتظامیہ ایک عرصے سے پروفیسر عامر سہیل کی قابل اعتراض سرگرمیوں سے چشم پوشی سے کام لے رہی ہے۔ دو ماہ قبل بھی ملتان کی دینی جماعتوں اور علماء کرام کے نمائندہ وفد نے وائس چانسلر سے ملاقات کر کے اُنہیں اس ضمن میں تمام تفصیلات سے باخبر کیا تھا لیکن یونیورسٹی میں موجود قادیانی نواز لابی پروفیسر عامر سہیل کو ہر قیمت پر تحفظ فراہم کرنے پر تلی ہوئی ہے۔ اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ حکومت فوری مداخلت کر کے عامر سہیل قادیانی کی مرتبہ ''محشر خیال'' نامی غلیظ کتاب کو یونیورسٹی کے نصاب سے خارج کرے۔ عامر سہیل جیسے بددیانت، بدکردار اور بدعقیدہ پروفیسر کی ڈیپوٹیشن منسوخ کر کے اُسے واپس کالج میں بھجوائے جبکہ سلیکشن بورڈ کے روبرو لیکچر رشپ کے امتحان میں عامر سہیل قادیانی فیل ہو چکا ہے۔ نیز مجلّہ ''انگارے'' کی غیر قانونی اشاعت کا سلسلہ فوراً بند کرائے۔

☆......☆......☆

چیچہ وطنی (۵؍جولائی) ضلع ساہیوال کے ایک سو سے زائد علماء کرام اور مذہبی رہنماؤں مولانا عبدالستار، قاری منظور احمد طاہر، قاری سعید ابن شہید، مولانا محمد ارشاد، مولانا محمد زبیر، حافظ حبیب اللہ چیمہ، قاری محمد قاسم، مولانا منظور احمد، مولانا محمد جمیل، مولانا احمد ہاشمی، مولانا عابد مسعود ڈوگر، حکیم محمد قاسم اور قاری محمد عبداللہ سمیت دیگر رہنماؤں نے بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں تعینات شعبہ اردو کے قادیانی پروفیسر عامر سہیل کی اسلام دشمن سرگرمیوں کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اس کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

☆......☆......☆

بورے والا (۶؍جولائی) مجلس احرار اسلام ضلع وہاڑی کے رہنماؤں مولانا عبدالنعیم نعمانی، صوفی عبدالشکور، نوید چودھری نے ایک مشترکہ اخباری بیان میں کہا۔ انہوں نے کہا کہ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں قادیانی پروفیسر عامر سہیل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی یونیورسٹی میں تعیناتی ایک سازش کا حصہ ہے۔ مذکورہ پروفیسر نے اپنی تعیناتی کے ساتھ ہی یونیورسٹی میں قادیانیت کا پرچار شروع کر دیا تھا اور اس تعیناتی کے فوراً بعد سے قادیانی ٹولہ تعلیمی و نصابی سرگرمیوں میں قادیانی عقائد و نظریات شامل کرنے میں مصروف ہے اور نصاب کی آڑ میں اسلامی عقائد کی کھلم کھلا تضحیک کی جارہی ہے اسلامی شعائر و تصورات کا مذاق اڑایا جارہا ہے۔ انبیاء علیہم السلام کی توہین کی جارہی ہے۔ مجلس احرار اسلام کے رہنماؤں نے محکمہ تعلیم، یونیورسٹی انتظامیہ، گورنر پنجاب سمیت حکمران طبقہ سے مطالبہ کیا ہے کہ قادیانی پروفیسر عامر سہیل کو برطرف کر کے اس سازش میں شریک افراد کے خلاف کارروائی کی جائے۔

☆......☆......☆

کسووال (۶رجولائی) قادیانی پروفیسر عامر سہیل کی زکریا یونیورسٹی ملتان میں تعیناتی اور اس کی قادیانی عقائد اور نظریات کی تبلیغ کے خلاف کسووال میں مذہبی رہنماؤں کا ایک اہم اجلاس تحریک ختم نبوت کے رہنما حافظ حبیب اللہ چیمہ کی صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں مولانا محمد اشرف، مولانا عرفان محمود، ماسٹر محمد ندیم، مولانا محمد شریف سمیت دیہی علاقوں کے خطیب حضرات نے شرکت کی۔ اجلاس میں قادیانی پروفیسر عامر سہیل کو برطرف کرنے اور یونیورسٹی کے شعبہ اردو میں شامل کی گئی کتاب ''محشر خیال'' پر پابندی لگانے کا مطالبہ کیا گیا۔

## ملعون پروفیسر عامر سہیل کو لگام نہ ڈالی گئی تو تحریک چلائیں گے: مذہبی جماعتیں

ساہیوال (۶رجولائی) بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان کے پروفیسر قادیانی عامر سہیل کو لگام نہ ڈالی گئی اور اس کی اسلام دشمن سرگرمیاں بند نہ کی گئیں تو تحریک شروع ہوسکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ضلع ساہیوال میں تحریک ختم نبوت اور مجلس احرار اسلام سمیت مذہبی جماعتوں اور دینی اداروں کے رہنماؤں حافظ حبیب اللہ چیمہ، مولانا عبدالستار، قاری منظور احمد طاہر، قاری سعید ابن شہید، قاری عبدالجبار، محمد اسلم بھٹی، مولانا عبدالحمید، رانا ابراہیم، مولانا محمد ارشاد، مولانا محمد نذیر، مولانا منظور احمد، قاری محمد قاسم، حکیم محمد قاسم، مولانا عابد مسعود ڈوگر، قاری محمد عبداللہ پیر جی عبدالجلیل، مولانا احمد ہاشمی، قاری محمد اکرم ربانی، شیخ تنویر احمد، انتظار احمد حافظ حبیب اللہ رشیدی سمیت دیگر ضلع و علاقائی رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک سازش کے تحت ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں آغا خانیوں اور قادیانیوں کو تعینات کر کے تعلیمی نصاب میں قرآن وحدیث پر مبنی تعلیمی مواد کو خارج کر کے اسلام دشمنی اور بے حیائی کو فروغ دیا جارہا ہے جو کہ غیرت مند مسلمان قوم کو قبول نہیں۔ ضلعی رہنماؤں سمیت چیچہ وطنی کی مذہبی سماجی تنظیموں اور طلباء تنظیموں کے رہنماؤں شیخ عبدالغنی، حافظ ساجد محمود، سید رمیز احمد، حافظ محمد معاویہ، چودھری محمد اشرف، سردار نسیم ڈوگر نے اپنے الگ الگ بیانات میں قادیانی پروفیسر ملعون عامر سہیل کے زکریا یونیورسٹی سے اخراج کا مطالبہ کیا۔

## گھٹیا اور بازاری اسلوب میں لکھی ہوئی کتاب ''محشر خیال'' کا انتخاب زکریا یونیورسٹی کے شعبۂ اردو میں گھسے ہوئے بدعقیدہ عناصر کے علمی واخلاقی دیوالیہ پن کا ثبوت ہے: قاری محمد حنیف جالندھری

ملتان (۷رجولائی) جامعہ خیر المدارس ملتان کے مہتمم اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ قاری محمد حنیف جالندھری نے ایک اخباری بیان میں زکریا یونیورسٹی میں بدنام زمانہ کتاب ''محشر خیال'' کی تدریس کی شدید مذمت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی ہے۔اُنھوں نے اس کتاب کی کفریہ عبارتوں کے حق میں یونیورسٹی کے شعبۂ اردو کی صدر پروفیسر روبینہ ترین کے وضاحتی بیانات کو"عذرِ گناہ بدتراز گناہ" قرار دیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ صدرِ شعبہ کا یہ بیان سراسر جاہلانہ گستاخی اور ڈھٹائی پر مبنی ہے کہ کتاب "محشر خیال" اسلامی تعلیمات کے منافی نہیں ہے۔پروفیسر روبینہ ترین "مفتی" بننے کی کوشش مت کریں اور اس طرح کے لایعنی اور گمراہ کن فتوے صادر کرنے سے باز رہیں۔کتاب "محشر خیال" میں ذاتِ باری تعالیٰ، حضرت آدم، حضرت بی بی حوا، فرشتوں، وحیٔ الٰہی، ایمان، آخرت، عبادات اور اخلاقی فرائض کے حوالے سے گستاخانہ جملوں اور لچر عبارتوں کی بھرمار ہے۔اس کتاب میں بے لگام جنسی آزادی اور اخلاق سوز بے باکی و بے حیائی کی پرزور وکالت اور ترغیب ہر صفحے پر موجود ہے۔اس تمام بکواس کو یونیورسٹی کی صدرِ شعبہ "رومانوی نثر" کا خوش نما عنوان دے رہی ہیں۔رومانوی نثر کی اعلیٰ سے اعلیٰ اور نمائندہ نگارشات کو چھوڑ کر ایک گھٹیا اور بازاری اسلوب میں لکھی ہوئی کتاب کا انتخاب زکریا یونیورسٹی کے شعبۂ اردو میں گھسے ہوئے پڑھے لکھے جاہلوں اور بد عقیدہ عناصر کے علمی واخلاقی دیوالیہ پن کا ثبوت ہے۔کتاب "محشر خیال" ۱۹۳۳ء میں علی گڑھ یونیورسٹی کے نصاب سے خارج کردی گئی تھی۔سوال یہ ہے کہ ساٹھ سال بعد اس کتاب کو زکریا یونیورسٹی کے نصاب میں کیوں شامل کیا گیا ہے؟ عامر سہیل ایک سکہ بند قادیانی ہے جس کی اشتعال انگیز اور دین دشمن سرگرمیوں کو یونیورسٹی انتظامیہ کی کھلم کھلا حمایت حاصل ہے۔شعبۂ اردو کی صدر پروفیسر روبینہ ترین عملاً قادیانی لابی کی ترجمان بن چکی ہیں۔یہ صورتِ حال ہر مسلمان کے لیے ناقابل برداشت ہے۔

قاری محمد حنیف جالندھری نے مطالبہ کیا کہ وائس چانسلر فی الفور قادیانی پروفیسر عامر سہیل کو واپس محکمہ تعلیم میں بھجوائیں اور اس کی مرتب کردہ کتاب "محشر خیال" کو ایم اے اردو کے نصاب سے خارج کرنے کا فوری اعلان کریں۔

## چیچہ وطنی کی مساجد میں بہاء الدین زکریا یونیورسٹی کے قادیانی پروفیسر کی اسلام دشمن سرگرمیوں کے خلاف احتجاج، برطرف کرنے کا مطالبہ

چیچہ وطنی (۸/جولائی) تحصیل چیچہ وطنی کی مختلف مساجد میں بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان کے قادیانی پروفیسر کی مبینہ اسلام دشمن سرگرمیوں کے خلاف احتجاج کیا گیا۔جامع مسجد بلاک نمبر ۱۲ کے خطیب مولانا محمد ارشاد اور مرکزی مسجد عثمانیہ ہاؤسنگ کالونی کے خطیب مولانا عابد مسعود ڈوگر سمیت ۵۰ سے زائد علمائے کرام اور خطباء نے مساجد میں جمعۃ المبارک کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی میں قادیانی پروفیسر کی تعیناتی مسلمانوں کے لیے شدید اضطراب کا باعث بن رہی ہے۔پروفیسر مذکور کی طرف سے اسلامی شعائر وتصورات کی کھلم کھلا تضحیک کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور سروں پر کفن باندھ کر احتجاج کے لیے سڑکوں پر نکلیں گے۔

اس موقع پر منظور کردہ قراردادوں میں حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا گیا۔مذکورہ پروفیسر کو فی الفور برطرف کرکے سازش میں شریک افراد کے خلاف کارروائی کی جائے بصورت دیگر ہمارے احتجاج کا دائرہ پورے ملک میں پھیل سکتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ’’محشر خیال‘‘ کتاب کو یونیورسٹی کے نصاب سے خارج نہ کیا گیا تو تحریک چلائیں گے: قاری رشید احمد

حاصل پور (۹؍جولائی) اگر ’’محشر خیال‘‘ کتاب کو یونیورسٹی کے نصاب سے خارج نہ کیا گیا تو بھرپور تحریک چلائی جائے گی اور بدبخت قادیانی پروفیسر کو فوراً یونیورسٹی سے فارغ کر کے اس کے خلاف کارروائی کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار حاصل پور کی مختلف سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے عہدیداران قاری رشید احمد، مہر مشتاق احمد، نوید الاسلام ارائیں، مولانا محمد ادریس نے ایک پریس کانفرنس میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے قادیانیت کا پرچار کرنے والوں کو کھلی چھٹی دے رکھی ہے اور اکثر ایسے واقعات ہوتے رہتے ہیں جن سے مسلمانوں کی دل آزاری ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ناموسِ رسالت (ﷺ) پر جان قربان کر دیں گے مگر دین اسلام پر آنچ نہیں آنے دیں گے۔

## زکریا یونیورسٹی میں قادیانیوں کی سرگرمیوں کا نوٹس نہ لیا گیا تو تحریک چلائیں گے: مولانا بشیر شاد

چیچہ وطنی (۱۳؍جولائی) جمعیت علماء اسلام کے امیر مولانا بشیر احمد شاد نے کہا ہے کہ زکریا یونیورسٹی ملتان میں قادیانیوں کی اسلام دشمن سرگرمیوں کا نوٹس نہ لیا گیا تو مذہبی قوتیں تحریک چلانے پر مجبور ہوں گی اور مسئلہ ختم نبوت پر تمام مذہبی جماعتیں متحد و متفق ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ حکومت میں شامل قادیانی اور قادیانی نواز طبقہ زکریا یونیورسٹی ملتان میں تعینات قادیانی پروفیسر عامر سہیل کی سرپرستی کر رہا ہے۔


محرم الحرام کے موقع پر ریڈیو سے نشر ہو کر
مقبول ہونے والی دس تقاریر کا مجموعہ
**خطباتِ محرم**
سید عزیز الرحمٰن
عنوانات
توحید، رسالت، آخرت، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، فلسفۂ شہادت
شہادت کا تسلسل، شہادتِ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ
ضخامت: ۲۴۸ صفحات  قیمت: ۱۴۰ روپے
کتاب ملک بھر میں تمام اہم مکتبوں پر دستیاب ہے
صرف ۱۱۰ روپے کا منی آرڈر بھیج کر کتاب گھر بیٹھے حاصل کریں

**علماء اور کسبِ حلال**
مولانا قاضی اطہر مبارک پوریؒ
تعارف مصنف و کتاب: سید عزیز الرحمٰن
مختلف طبقات اور پیشوں سے تعلق رکھنے والے
علماء، صوفی، مجتہدین، محدثین، مفسرین، فقہا اور
اہل قلم کا جامع، مبسوط اور تاریخی تذکرہ
صرف ۸۵ روپے کا منی آرڈر بھیج کر کتاب گھر بیٹھے حاصل کریں

رابطہ  زوار اکیڈمی پبلی کیشنز۔ اے۔۴/۱۷۔ ناظم آباد نمبر ۴۔ کراچی  فون: ۰۲۱-۶۶۸۴۷۹۰


© rasailojaraid.com